آمدنی کا قانونی ذریعہ

NYC حقوق انسانی قانون کے تحت تحفظات

آپ کی سرکاری اعانت اور ہاؤسنگ واؤچرز کرایہ اور سیکیورٹی ڈپازٹس کے ضمن میں ہمیشہ قبول کیے جانے چائیں۔

NYC کا کمیشن برائے حقوق انسانی ہاؤسنگ میں آمدنی کے غیر قانونی ذرائع سے متعلق امتیاز سے آپ کا تحفظ کرتا ہے۔ ”آمدنی کا قانونی ذریعہ“ NYC کے حقوق انسانی قانون کے تحت ایک تحفظ یافتہ زمرہ ہے اور اس میں کرایہ کی ادائیگیوں کے ضمن میں وفاقی، ریاستی یا مقامی سرکاری یا ہاؤسنگ سے متعلق اعانت شامل ہے جیسے، سیکشن 8، لیونگ ان کمیونٹیز (Living in Communities, LINC)، سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (Supplemental Security Income, SSI) HIV/AIDS سروسز ایڈمنسٹریشن (HIV/AIDS Services Administration, HASA) فیملی ایوکشن پریوینشن سبسڈی (Family Eviction Prevention Subsidy, FEPS)، اسپیشل ایگزٹ اینڈ پریوینشن سپلیمنٹ (Special Exit and Prevention Supplement, SEPS)، ویٹرنز GI بل، وغیرہ۔ سیکیورٹی ڈپازٹس اور یک وقتی ہنگامی گرانٹس (”ون شاٹ ڈیلز“)، جس سے ان لوگوں کو مدد ملتی ہے جو غیر متوقع صورتحال یا واقعہ کے سبب خرچ پورا نہیں کر سکتے ہیں، بھی اس زمرہ میں شامل ہیں۔

NYC کے حقوق انسانی کے قانون کو نافذ اور اس کی جانکاری فراہم کرتے ہوئے، کمیشن اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہماری سب سے زیادہ کمزور کمیونیٹیز کو نیویارک سٹی کی رہائشی سہولیات تک رسائی حاصل ہو۔ کمیشن ایسے مالکان مکان اور دلالوں پر جرمانہ کر سکتا ہے اور انہیں کرایے داروں یا متوقع کرایے داروں کو ہرجانہ ادا کرنے پر مجبور کر سکتا ہے جنہیں ان کے امتیازی برتاؤ سے نقصان پہنچا ہو۔

آپ کے جاننے لائق 5 باتیں:

1. **اگر آپ 6 یا زائد یونٹ والی عمارت میں رہتے ہیں یا اسے کرایے پر لینے کے خواہاں ہیں تو آپ تحفظ یافتہ ہیں۔**[1]
2. **بروکرز، مالکان مکان اور دیگر ہاؤسنگ ایجنٹ کسی اپارٹمنٹ کے لیے درخواست دینے سے اس لیے آپ کی حوصلہ شکنی نہیں کر سکتا کہ آپ اپنا کرایہ یا سیکیورٹی ڈپازٹ سرکاری اعانت کی ایک شکل کے ساتھ کرنا چاہتے ہیں۔** آپ کی سرکاری اعانت یا واؤچر والی آمدنی آپ کو نا اہل قرار نہیں دیتی ہے یا کسی اپارٹمنٹ کے لیے درخواست دیتے وقت آپ کو محرومی کی پوزیشن میں نہیں ڈالتی ہے۔
3. **”واؤچرز قبول نہیں کیے جاتے ہیں“ کے اشتہارات غیر قانونی ہیں۔** مالکان مکان اور ہاؤسنگ ایجنٹوں کے لیے کسی بھی قسم کے ایسے آن لائن، پرنٹ یا نشریاتی اشتہارات شائع کرنا غیر قانونی ہے جس میں سرکاری یا ہاؤسنگ سے متعلق اعانتی پروگراموں یا واؤچرز سے منع کرنے کی بات کہی گئی ہو۔
4. **آپ کا مالک مکان آپ کے گھر میں مرمت کرنے سے انکار یا اس میں تاخیر نہیں کر سکتا ہے** اس وجہ سے کہ آپ سرکاری یا ہاؤسنگ سے تعلق اعانت کی شکل میں کرایہ ادا کرتے ہیں۔
5. **آپ کی تحفظ یافتہ حیثیت کی بنیاد پر آپ کو ہراسانی، امتیازی سلوک یا دھمکی آمیز رویے یا تبصرے سے پاک رہنے کا حق ہے**، جس میں آپ کی عمارت کے دوسرے کرایہ داروں کی جانب سے اس طرح کا رویہ شامل ہے۔

اس طرح کے فقرے آپ کی آمدنی کے قانونی ذریعے کے بنیاد پر امتیازی سلوک کو بتا سکتے ہیں:

”ہم **LINC** کے سوا ہر چیز قبول کرتے ہیں۔“

”آپ کا سیکشن 8 واؤچر آمدنی کے بطور شمار ہوتا ہے لہٰذا آپ کمائی ہوئی آمدنی کے تقاضے پر پورا نہیں اترتے ہیں۔“

”یہ فرض کیا جاتا ہے کہ آپ اپنا سیکشن 8 ملنے پر سب سے پہلے مجھے بتائیں گے۔“

”کہ مالک مکان **H.A.S.A.** قبول نہیں کرتا ہے۔“

اگر آپ کو آمدنی کے قانونی ذریعے سے متعلق امتیازی سلوک کا سامنا ہوتا ہے تو اس کی اطلاع دیں۔ NYC کے کمیشن برائے حقوق انسانی سے 311 پر کال کر کے رابطہ کریں اور کمیشن کے بارے میں پوچھیں یا کمیشن کی انفولائن کو 722-3131 (718) پر کال کریں۔ مزید معلومات کے لیے اور منصفانہ ہاؤسنگ سے متعلق مواد ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے، NYC.gov/HumanRights ملاحظہ کریں۔

---

1. ان صورتوں میں استثنات ہیں اگر (i) کسی یونٹ میں جو سرکاری اعانت یافتہ نہ ہو اور جس میں مالک مکان یا مالک کے خاندان کا کوئی فرد اشتراک کرتا ہو، ایک کمرہ کرایے پر دیا جائے (ii) دو خاندان والی عمارت میں جو سرکاری اعانت یافتہ نہ ہو، ایک یونٹ کو کرایے پر دیا جائے، اگر دوسرا یونٹ مالک مکان یا مالک مکان کے خاندان کے کسی فرد کے تصرف میں ہو اور کرایے پر دیے جانے والے یونٹ کی عوامی تشہیر نہیں ہوئی ہو۔ آپ کو ان تمام معلومات کو جاننے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ کو معلوم نہ ہو کہ آیا عمارت احاطہ یافتہ ہے تو، پوچھنے کے لیے کمیشن سے رابطہ کریں!